سوال

(151) رفع یدین کرنے سے نیکیاں ملتی ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا نماز میں رفع یدین کرنے سے نیکیاں ملتی ہیں؟ (حاجی نذیر خان داماں، حضرو)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جی ہاں! سیدنا عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

"انه يكتب فی كل اشارة يشيرها الرجل بيده دي الصلوة بكل اصبع حسنة او درجة" نماز میں جو شخص (مسنون) اشارہ کرتا ہے، اسے ہر اشارے کے بدلے میں ہر انگلی پر ایک نیکی یا ایک درجہ ملتا ہے۔ (المعجم الكبير للطبرانی 17۔ و297۔ ح 819 وسند حسن۔ مجمع الزوائد 2۔103 وقال البیهقی: واسناده حسن" معرفت السنن والآثار للبیهقی ج اص 225 قلمی)

اس روایت پر مفصل تحقیق کے لیے دیکھئے نور العین (ص 181۔186)

یاد رہے کہ رفع یدین نہ کرنے پر کسی نیکی یا ثواب کا ملنا کسی بھی حدیث یا اثر سے ثابت نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ

جلد 1۔ کتاب الصلاة۔ صفحہ 347

محدث فتویٰ